# 24-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی ڈاؤس میں منعقدہ ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس میں ریاستی وفد کی کامیاب قیادت کے بعد آج صبح حیدرآباد واپس ہوئے۔

۲۔ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے محکمہ صحت کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کڈنی راکٹ کیس کو سی آئی ڈی کے حوالہ کیا جائے۔

۳۔ریاستی وزیر آبپاشی وسیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے ریاست میں راشن کارڈ کی تقسیم کے معاملہ پر اوچھی سیاست کرنے کا اپوزیشن پارٹیوں پر الزام لگایا۔

اور

۴۔مرکزی حکومت نے 26 جنوری کو کرتویہ پتھ نئی دہلی میں 76 ویں یوم جمہوریہ پریڈ میں شرکت کے لئے تلنگانہ سے 138 شخصیات کو مدعو کیا ہے۔

○○

مرکزی حکومت نے 26 جنوری کو کرتویہ پتھ نئی دہلی میں 76 ویں یوم جمہوریہ پریڈ میں شرکت کے لئے تلنگانہ سے 138 شخصیات کو مدعو کیا ہے۔ زندگی کے 16 مختلف شعبوں میں نمایاں کارنامے انجام دینے والی ان شخصیات کی ملک کے تئیں غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں انھیں یوم جمہوریہ تقریب میں بطور مہمان مدعو کیا گیا ہے۔ان مدعوئین میں مختلف کارنامے انجام دینے والے افراد کے علاوہ سرکاری اسکیموں جیسے پی ایم کسان یوجنا، پی ایم جن دھن یوجنا، پی ایم یشسوی اسکیم اور پی ایم متسیا سمپدا یوجنا کے استفادہ کنندگان بھی شامل ہیں۔ان کے علاوہ دیہی ترقی، زرعی انفراسٹرکچر، دستکاری، اسٹارٹ آپس اور کسان تنظیموں کے نمائندوں کو بھی دہلی آنے کی دعوت دی گئی ہے۔ وزارت اسکل ڈیولپمنٹ سے ٹریننگ حاصل کرنے والے افراد، من کی بات کے شراکت دار، قبائیلی استفادہ کنندگان بھی یوم جمہوریہ تقریب میں شرکت کریں گے۔مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ان شخصیات کو مدعو کرتے ہوئے حکومت نے شہریوں کے رول کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔

○○

ملک بھر میں لڑکیوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔اس دوران معاشرے میں لڑکیوں کا تحفظ، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم اور ان کے حقوق کے تعلق سے بیداری پیدا کی جارہی ہے۔ ہر سال 24 جنوری کو یہ دن منایا جاتا ہے تاکہ اس کے ذریعہ یہ پیغام دیا جائے کہ ہر لڑکی کا احترام ہونا چاہئے اور اُسے نشو ونما پانے، سیکھنے اور آگے بڑھنے کے لئے یکساں مواقع کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 22 جنوری 2015ء کو بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ اسکیم لانچ کی تھی۔ اِس پہل کے ذریعہ پیدائش سے قبل لڑکیوں کے قتل، کم عمری کی شادی، صنفی امتیاز کو روکنے کے ساتھ ساتھ لڑکیوں کی تعلیم، ان کی صحت کی دیکھ بھال اور تحفظ کو یقینی بنانے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اِس سال لڑکیوں کے قومی دن کا عنوان ''لڑکیوں کے روشن مستقبل کیلئے انہیں بااختیار بنایا جائے'' رکھا گیا ہے۔

○○

یوم جمہوریہ کیمپ کے ضمن میں نئی دہلی میں منعقد ہورہے کل ہند سطح کے Equestrian مقابلوں میں دو میڈل حاصل کرتے ہوئے این سی سی آندھرا پردیش و تلنگانہ ڈائرکٹوریٹ نے اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ گورنمنٹ جونیر کالج راجندر نگر کے کیڈٹ شیخ مزمل نے شو جمپنگ میں برانس میڈل حاصل کیا جبکہ انہیں 6 بار جمپنگ مقابلہ میں شریک فاتح قرار دیا گیا۔ اِس مقابلہ میں ملک بھر سے 20 سے زیادہ ٹیموں نے حصہ لیا تھا۔

OO

لڑکیوں کے قومی دن کے موقع پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست اور ملک بھر کی لڑکیوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ملک کا مستقبل لڑکیوں کی خوشحالی اور ترقی پر زیادہ منحصر ہے۔ ریاستی وزیر بہبود خواتین و اطفال سیتا اکا نے بھی اِس موقع پر اپنے پیام میں کہا کہ حکومت لڑکیوں کی فلاح اور انہیں بااختیار بنانے کے عہد کی پابند ہے۔

OO

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی ایک حادثہ میں محفوظ رہے۔ سوریہ پیٹ میں آج صبح ریاستی وزیر کے قافلہ کی گاڑیوں کو حادثہ پیش آیا۔ اتم کمار ریڈی ایک عرس تقریب میں شرکت کے بعد جَن پہاڑ درگاہ سے حضور نگر کی جانب جارہے تھے، اسی دوران ان کے قافلہ کی گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔ اِس حادثہ میں کوئی بھی زخمی نہیں ہوا۔ تین گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ قافلہ کی ایک گاڑی نے اچانک بریک لگایا تھا جس کی وجہ سے پیچھے سے آنے والی دیگر گاڑیاں اس سے ٹکرا گئی۔

OO

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی ڈاؤس میں منعقدہ ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس میں ریاستی وفد کی کامیاب قیادت کے بعد آج صبح حیدرآباد واپس ہوئے۔ وزیر اعلیٰ اور ان کی ٹیم کا راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ پر تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی، ارکان پارلیمنٹ، ارکان اسمبلی اور پارٹی ورکروں نے والہانہ استقبال کیا۔ ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس کے دوران تلنگانہ نے ریکارڈ سنگ میل حاصل کرتے ہوئے ایک لاکھ 78 کروڑ 950 روپے کے سرمایہ کاری معاہدے کئے ہیں۔ یہ رقم گزشتہ سال 40 ہزار 232 کروڑ روپے کے مقابلہ 4 گنا زیادہ ہے۔ 20 سرکردہ عالمی کمپنیوں کے ساتھ معاہدے کئے گئے اور توقع ہے کہ آئی ٹی، آرٹیفشل انٹیلیجنس، قابل تجدید توانائی سمیت دیگر شعبوں میں 49 ہزار 500 روزگار کے مواقعے پیدا ہوں گے۔ ریاست کے تلنگانہ رائزنگ 2050ء نصب العین اور کاروبار دوست پالیسیوں کی وجہ سے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کی توقع ہے۔

OO

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے محکمہ صحت کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کڈنی راکٹ کیس کو سی آئی ڈی کے حوالہ کیا جائے۔ گردوں کی غیر قانونی تجارت پر بڑھتی عوامی تشویش اور اِس میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی مانگ کے دوران ریاستی وزیر صحت نے سی آئی ڈی سے اس کی جانچ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ صحت اور پولیس عہدیداروں نے منگل کے روز سرونگر میں واقع الک نندا ہسپتال میں اِس ریاکٹ کو بے نقاب کیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق اِس ہسپتال سے غیر قانونی طور پر کڈنی ٹرانس پلانٹ کا ریاکٹ کام کررہا تھا۔ پولیس کی جانچ میں پتہ چلا کے یہ کام غیر قانونی طور پر کیا جارہا تھا۔

OO

مرکزی وزیر شہری ترقی و توانائی منوہر لال کھٹر نے آج حیدرآباد میں ریاستی عہدیداروں کے ہمراہ شہری ترقی اور بجلی کے مختلف پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔ مرکزی وزیر تلنگانہ کے ایک روزہ دورہ پر تھے اور انہیں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی موجودگی میں پاور پوائنٹ پریزنٹیشن دیا گیا۔ مرکزی وزیر نے حیدرآباد کی ترقی پر بنائی گئی ایک ڈاکومنٹری کا بھی مشاہدہ کیا۔ شہری ترقی کے پرنسپل سکریٹری دانا کشور نے حیدرآباد اور آس پاس کے علاقوں کے موجودہ اور مجوزہ پروجیکٹوں کے بارے میں مرکزی وزیر کو جانکاری دی۔ انہوں نے ریاستی حکومت کے مختلف

پروجیکٹوں جیسے تلنگانہ کُور اربن ریجنل ڈیولپمنٹ ، موسیٰ ندی تجدید کاری پروجیکٹ ، میٹرو ریل کے توسیعی پروجیکٹ ، سڑکوں کی ترقی کے پروجیک کے بارے میں واقف کروایا۔ نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا ، وزیر مال پی سرینواس ریڈی ، میڑچل کے رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر اور ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے بھی شرکت کی۔

○○

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے محکمہ توانائی کے چیرمین و مینیجنگ ڈائرکٹر اور سپرنٹنڈنٹ انجینئرس کو ہدایت دی کہ وہ فوری طور پر ریاست بھر کا دورہ کرتے ہوئے بجلی کی سپلائی کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ بھٹی وکرامارکا نے آج پرجا بھون میں متعلقہ عہدیداروں کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے ٹرانسکو، این پی سی ڈی ایل، ایس پی سی ڈی ایل کے افسران اور عملہ کے ارکان سے کہا کہ وہ معیاری بجلی کی سربراہی کو یقینی بنانے کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں اور صارفین کی شکایات کا ازالہ کیا جائے۔ نائب وزیراعلیٰ نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ موسم گرما کے دوران برقی سربراہی کے ضمن میں آئندہ پیر سے 4 فروری تک زمینی سطح پر اجلاس منعقد کرے۔

○○

مرکزی وزیر و تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے بھارت رتن کرپوری ٹھاکر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ کشن ریڈی نے سماجی بہبود، تعلیمی اصلاحات اور سیاسی میدان میں کرپوری ٹھاکر کی خدمات کا تذکرہ کیا۔ نامپلی حیدرآباد میں پارٹی کے ریاستی دفتر میں بی جے پی کی سال 2025ء کی ڈائری کے اجرأ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کرپوری ٹھاکر کو دوراندیش لیڈر قرار دیا۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ کارپوری ٹھاکر نے ایس سی، ایس ٹی اور بی سی طبقات کے کاس کے لئے کافی جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بحیثیت لیجسلیچر، وزیر تعلیم اور بہار کے دو مرتبہ وزیراعلیٰ رہنے کے دوران ٹھاکر نے کئی اصلاحاتی اقدامات اٹھائے ہیں۔

○○

ریاستی وزیر آبپاشی و سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے ریاست میں راشن کارڈ کی تقسیم کے معاملہ پر اوچھی سیاست کرنے کا اپوزیشن پارٹیوں پر الزام لگایا۔ سوریہ پیٹ ضلع کے حضورنگر میں واقع جَن پہاڑ درگاہ میں ریاستی وزیر نے بی آر ایس پر تنقید کی اور کہا کہ بی آر ایس کانگریس حکومت کے فلاحی اقدامات کے خلاف جھوٹا پروپگنڈہ کررہی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس نے اپنے دس سالہ دورِ اقتدار کے دوران نئے سفید راشن کارڈ جاری نہیں کئے۔ اِس سے ان کی غریب اور کمزور طبقات کے تئیں پالیسی ظاہر ہوتی ہے۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس کو کانگریس حکومت پر تنقید کرنے کا کوئی اخلاقی اختیار نہیں ہے۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ راشن کارڈس کی اجرائی کا عمل جاری ہے اور ہر مستحق افراد تک اسے پہنچایا جائے گا۔

○○

آئین کے نفاذ کے 75 سال کی تکمیل پر ریجنل پاسپورٹ آفس اور ایم ای اے برانچ سکریٹریٹ کی جانب سے حیدرآباد میں آرٹ و کیلی گرافی نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے اس کا افتتاح کیا۔ 24 جنوری 1950ء کو آئین کے ہاتھ سے لکھے ہوئے کاپی پر دستور ساز اسمبلی کے 284 ارکان نے دستخط کئے تھے۔

○○